14-05-2024 TUESDDAY URDU NEWS BULLETINE 17.50 HRS

سرخیاں

......لوک سبھا انتخابات کے آخری مرحلے کے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام مکمل ہوگیا۔اس مرحلے میں سات ریاستوں اور ایک مرکزی زیرانتظام علاقے کی جملہ 57 لوک سبھا نشستوں کیلئے رائے دہی ہوگی۔

......الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ تقریباً نو دفیصد شکایتوں کو کمیشن کی جانب سے یکسوئی کرتے ہوئے نمٹا گیا ہے۔اور کانگریس اور بی جے پی کے علاوہ دیگر کسی بڑی سیاسی جماعتوں کے شکایات زیرالتواء نہیں ہیں۔

......ریاستی وزیرزراعت ٹی ناگیشورراو نے کہا کہ وزیراعلی ریونت ریڈی اپنے نئے انتظامیہ کے ذریعہ متحدہ ضلع کھمم میں گوداوری کے پانی کے ساتھ سرسبزوشاداب علاقے میں تبدیل کرنے کا پروگرام رکھتے ہیں۔

......دہلی کی روزاونیوکورٹ نے ایک بارپھر بی آرایس ایم ایل سی کے کویتا کی دہلی شراب اسکام معاملے میں عدالتی تحویل میں اضافہ کرتے ہوئے اسے 20۔مئی تک توسیع کردی ہے۔

LAST PHASE NOMINATIONS

لوک سبھا انتخابات کے آخری مرحلے کے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام مکمل ہوگیا۔اس مرحلے میں سات ریاستوں اور ایک مرکزی زیرانتظام علاقے کی جملہ 57 لوک سبھا نشستوں کیلئے رائے دہی ہوگی۔اترپردیش اور پنجاب میں 13-13۔مغربی بنگال کی 9۔بہار کی 8۔اڈیسہ کی 6۔ہماچل پردیش کی چار۔جھارکھنڈ کی تین۔مرکزی زیرانتظام علاقہ چندھی گڑھ کی ایک نشستیں کیلئے ساتویں اور آخری مرحلے میں رائے دہی ہوگی۔پرچہ نامزدگیوں کی تنقیح کل یعنی چہارشنبہ کو ہوگی۔نامزدگیاں واپس لینے کی آخری تاریخ جمعہ 17 مئی ہوگی۔جبکہ آخری مرحلے کی رائے دہی یکم جون کو ہوگی۔

بالآخر بی جے پی کے سینئر لیڈر اور وزیراعظم نریندرمودی نے آج حلقہ وارناسی سے اپنا پرچہ نامزدگی داخل کردیا۔وارناسی میں رائے دہی عام انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے میں ہوگی اور ساتویں مرحلے کے لئے آج پرچہ نامزدگی داخل کرنے کا آخری دن تھا۔ وزیراعظم نے سب سے پہلے گنگا میں ڈبکی لگائی اس کے بعد کاشی کے کوتوال کال بھیرو کا آشیروادلیا۔اس موقع پر اتحادی جماعتوں کے قائدین چندرابابونائیڈو۔ ایکناتھ شنڈے۔جیتین رام مانجھی۔ سنجے نشاد۔ رام داس اٹھاولے کے علاوہ بی جے پی کے سینئر

قائدین۔راجناتھ سنگھ۔ ہردیپ سنگھ پوری اور بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا بھی موجود تھے۔

ECI- COMPLAINTS

الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ تقریباً نو دفیصد شکایتوں کو کمیشن کی جانب سے یکسوئی کرتے ہوئے نمٹا گیا ہے۔اور کانگریس اور بی جے پی کے علاوہ دیگر کسی بڑی سیاسی جماعتوں کے شکایات زیر التواء نہیں ہیں۔اپنے بیان میں کمیشن نے کہا کہ ملک بھر میں مختلف سیاسی جماعتوں کی جانب سے چار سو پچیس بڑی شکاتیں کی گئی تھیں۔جس میں سے چار سو معاملات پر کمیشن کی جانب سے یکسوئی کر دی گئی ہے۔اور معاملوں کو حل کر دیا گیا ہے۔ای سی آئی نے بتایا ہے کہ ایک سو ستر شکایتیں کانگریس کی جانب سے۔جبکہ بی جے پی کی جانچ سے پچیانوے اور دیگر جماعتوں کی جانب سے ایک سو ساٹھ شکاتیں وصول ہوئی تھیں۔کمیشن نے کہا کہ کانگریس اور بی جے پی کی ایک دوسرے کے خلاف ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیوں سے متعلق چند ایک شکاتیں زیر التواء ہیں۔ ماضی میں کمیشن کی جانب سے انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے پر انفرادی سطح پر سیاسی قائدین کو نوٹس جاری کی گئی تھی۔

POLLING UPDATE

ریاست میں بالآخر پولنگ کا تناسب 65 فیصد کو پار کر چکا ہے۔الیکشن کمیشن کی جانب سے قطعی ڈاٹا جاری ہونے کے بعد بتایا گیا ہے کہ ریاست میں 65.01 فیصد رائے دہی ہوئی ہے۔اور تین کروڑ بتیس لاکھ بتیس ہزار رائے دہندوں میں سے پنسٹھ فیصد رائے دہندوں نے سترہ لوک سبھا نشستوں کے لئے حق رائے دہی سے استفادہ کیا۔ بھونگیر میں سب سے زیادہ 76.47 فیصد رائے دہی درج کی گئی جبکہ حیدرآباد میں 46.08 اور سکندرآباد میں 48.02 فیصد رائے دہی کی اطلاع ہے۔ عادل آباد۔ کریم نگر۔ کھمم۔محبوب آباد۔محبوب نگر۔ میدک۔نلگنڈہ۔نظام آباد اور ظہیرآباد میں 70 فیصد سے زائد رائے دہی کا تناسب درج کیا گیا۔

STRONG ROOMS

لوک سبھا انتخابات دو ہزار چوبیس کے چوتھے مرحلے کے اختتام کے بعد ریاست تلنگانہ میں تمام ای وی ایم مشنس اور وی وی پیاٹس کو سخت سیکوریٹی حفاظت کے درمیان اسٹرانگ روم منتقل کیا گیا ہے۔ جہاں پر تین گنا سیکوریٹی کا نظم ہے۔جس کے لئے سنٹرل فورسس کو تعینات کیا گیا ہے۔کاونٹنگ سنٹرس اور اسٹرانگ رومس چوبیس گھنٹے سی سی ٹی وی کیمروں کی نگرانی میں رہیں گے۔ لاءاینڈ آرڈر کو برقرار رکھنے کے لئے دفعہ ایک سو چوالیس نافذ کی گئی ہے۔کسی بھی طرح کی مشکوک سرگرمیوں کو روکنے کے لئے سخت انتظامات کئے گئے ہیں۔اس کے علاوہ مرکزی اور ریاستی افواج فائر فاٹرس کے ساتھ تیار رکھی گئی ہیں۔

TUMMALA

ریاستی وزیر زراعت ٹی ناگیشور راو نے کہا کہ وزیر اعلی ریونت ریڈی اپنے نئے انتظامیہ کے ذریعہ متحدہ ضلع کھمم میں گوداوری کے پانی کے ساتھ سرسبز وشاداب علاقے میں تبدیل کرنے کا پروگرام رکھتے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ گوداوری کے پانی کو آنے والے مانسون میں وائرا ریزروائر کے ساتھ جوڑنے کا منصوبہ ہے۔اپنے مکتوب میں متحدہ کھمم ضلع کے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے یہاں کے

رہائیشوں اورعوام سے لوک سبھا انتخابات جوکل منعقد ہوئے تھے میں بھرپور تعاون کرنے پر اظہار تشکر کیا۔انہوں نے بتایا کہ گوداوری ڈیم کی تکمیل وتوسیع کا کام جلد مکمل کیا جائے گا۔انہوں نے تعمیراتی ترقی پر بھی زوردیا۔اس موقع پر انہوں نے مختلف زیر تعمیر پراجکٹس جیسے بکا پاڈوفٹ پاتھ اوردیگر پراسیسنگ یونٹس کے جلد مکمل کرنے سے متعلق بھی اطلاع دیتے ہوئے کہا کہ اس سے کسانوں کو فائدہ پہونچے گا۔

LAXMAN

بی جے پی کے او بی سی کے قومی صدر اور راجیہ سبھا کے رکن ڈاکٹر لکشمن نے پیشن گوئی کی کہ مستقبل قریب میں بی آر ایس ۔کانگریس میں ضم ہوسکتی ہے۔حیدرآباد میں پارٹی ہیڈ کوارٹر پر میڈیا کو مخاطب کرتے ہوئے ڈاکٹر لکشمن نے بی آر ایس کی حالت کو ایک خراب کار سے تشبیہ دی۔انہوں نے توقع ظاہر کی کہ ریاست میں بی جے پی زیادہ سے زیادہ لوک سبھا کی نشستیں حاصل کرے گی۔انہوں نے کہا کہ بی جے پی چار مراحل کے انتخابات کے بعد اپنی جیت کے لئے پرعزم ہے۔انہوں نے چیف منسٹر ریونت ریڈی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے ووٹ بینک کے لئے ریاست کو قرض میں ڈوبو دیا ہے اورعوام سے جھوٹے وعدے کررہے ہیں۔

KAVITHA

دہلی کی روز ایوینیو کورٹ نے ایک بار پھر بی آر ایس ایم ایل سی کے کویتا کی دہلی شراب اسکام معاملے میں عدالتی تحویل میں اضافہ کرتے ہوئے اسے 20۔مئی تک توسیع کردی ہے۔ان کی عدالتی تحویل آج ختم ہورہی تھی۔انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ۔ای ڈی۔کی جانب سے چودہ دن کی عدالتی تحویل کے اضافے کے لئے دی گئی درخواست کے بعد عدالت نے یہ حکم دیا ہے۔اس کے علاوہ ای ڈی نے آٹھ ہزار صفحات پر مشتمل اضافہ چارج شیٹ بھی داخل کی ہے۔اس پر عدالت بیس مئی کو سنوائی کرے گی۔آج دوپہر کے کویتا کو ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ عدالت میں پیش کیا گیا تھا۔

ARUNA

بی جے پی کی قومی نائب صدر اور پارٹی کی محبوب نگر پارلیمانی نشست سے امیدوارہ ڈی کے ارونا نے آج اس اعتماد کا اظہار کیا کہ کل منعقد ہوئے لوک سبھا انتخابات میں بی جے پی سترہ کے منجملہ بارہ نشستیں حاصل کرے گی۔محبوب نگر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے سابق وزیر نے کہا کہ ان کے حلقے کے عوام نے انتخابات سے قبل ہی انہیں جیت دلانے کا عزم کرلیا تھا۔انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر کے یہاں متعدد دوروں کے باوجود بھی عوام نے بی جے پی کو ہی تعاون دیا ہے۔انہوں نے محبوب نگر حلقے سے دوتا تین لاکھ ووٹوں کی سبقت سے جیت حاصل کرنے کا دعوی کیا ہے۔

JEEVAN REDDY

مرکز میں کانگریس پارٹی کو اقتدار حاصل ہوگا اور نظام اباد پارلیمانی حلقہ سے کانگریس پارٹی امیدوار ٹی جیون ریڈی کو ایک لاکھ 30 ہزار ووٹوں کی اکثریت سے کامیابی یقینی ان خیالات کا اظہار سابق وزیر ورکن اسمبلی بودھن انچارج حلقہ پارلیمنٹ نظام آباد سدرشن ریڈی نے آج صبح ایک منعقدہ میڈیا کانفرنس میں کیا۔انہوں نے کہا کہ بی آر ایس اور بی جے پی کے خفیہ گٹھ جوڑ کے باوجود کانگریس پارٹی کو حلقہ

پارلیمنٹ نظام آباد میں ایک لاکھ 50 ہزار ووٹوں کی اکثریت سے کامیابی حاصل کریگی۔ٹی جیون ریڈی نے کہا ضلع نظام آباد فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا ایک گہوارہ ہے انتخابات پر امن ماحول میں منعقد ہوئے۔تاہم بعض سیاسی جماعتوں کے قائدین نے مذہبی منافرت اور پر امن ماحول کو ہوا دینے کی کوشش کی لیکن انہیں مایوسی کا سامنا کرنا پڑاانہوں نے کہا کہ تشکیل تلنگانہ کے بعد مرکزی اور ریاستی حکومت نے نظام آباد کی ہمہ جہت ترقی کو مکمل طور پر نظر انداز کر دیا تھا پارلیمانی انتخاب میں کامیابی حاصل ہونے کے بعد ضلع کی ترقی کے لئے کانگریس پارٹی کی ذمہ داری میں بڑھ گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ کمیونسٹ پارٹیوں ،طلباء اور مختلف تنظیموں کی جانب سے کانگریس پارٹی کی تائید کرنے پر اور سماج کے تمام طبقات ،میڈیا سے اظہار تشکر کیا اس میڈیا کانفرنس میں سابق اراکین اسمبلی ، واراکین کونسل پارٹی کے سینئر قائدین موجود تھے۔

MANUU

محبت وعلم وادب کے شہر حیدرآباد میں واقع مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اپنے قیام سے ہی شب وروز ترقی کے منازل طئے کررہی ہے۔ یونیورسٹی کے کیمپس میں کئی ایک شعبہ جات ہیں اُن حرکیاتی شعبوں میں ایک شعبہ تعلیم نسواں کا بھی ہے۔اس شعبہ کے ماہرین نے ایم اے مطالعات نسواں کورس کو وقت کی ضرورت کے مطابق مرتب کیا ہے جو ان دنوں قومی اور بین الاقومی سطح پر کافی فروغ پارہا ہے۔ایم اے مطالعات نسواں میں داخلے کے لے کوئی داخلہ ٹسٹ نہیں ہوگا بلکہ کسی بھی مسلمہ یونیورسٹی گریجویشن یا مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی جانب سے منظور شدہ مسلمہ دینی مدرسے گریجویشن کے مماثل ڈگری رکھنے والے اُمیدوار اہل ہیں اردو کی جامعہ ہونے کی وجہ سیہ شرط لامی ہے کہ دسویں یا بارہویں جماعت میں اردو بطور ایک مضمون کے پڑھے ہوں۔یا اردو میڈیم سے تعلیم حاصل کی ہو۔کورسیس میں نشستیں محدود ہیں،حکومت ہند کی ریزرویشن پالیسی کی بنیاد پر سیٹس الاٹ کی جاتی ہیں۔فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ 30 جون 2024 ہے فارم آن لائن پر https://manuu.edu.in/Regular-Admission اپیلائی کرسکتے ہیں۔

METRO

حیدرآباد میٹرو ٹرینوں میں مسافرین کی تعداد میں اضافہ ہوگیا ہے۔کیونکہ عام انتخابات میں ووٹ کے حق کے استعمال کے بعد حیدرآباد میں مقیم آندھرائی افراد کی بڑی تعداد اپنے آبائی مقامات سے واپس ہوگئی ہے جس کے پیش نظر میٹرو ٹرینوں میں سفر کرنے والے مسافرین کی تعداد بڑھ گئی ہے۔بالخصوص ایل بی نگر سے میاں پور جانے والی میٹرو مسافرین سے کھچا کھچ بھری ہوئی ہے۔عموماً ہر دن میٹرو خدمات کا آغاز 6 بجے صبح ہوتا ہے۔تاہم مسافرین کی بڑھتی ہوئی تعداد کو دیکھتے ہوئے اس روٹ پر میٹرو خدمات کا آغاز صبح 5.30 بجے کر دیا گیا۔مسافرین کی تعداد میں اضافہ کے پیش نظر میٹرو کی ٹرپس میں اضافہ کی بھی توقع کی جارہی ہے۔

DIED

منچریال سرکاری اسکول کے فزیکل ڈائریکٹر جی سدانندم جنہوں نے کل کاسی پیٹ منڈل کے ملکیے پلی گاوں کے پولنگ اسٹیشن پر پرسائڈنگ آفیسر کی حیثیت سے خدمات انجام دی تھیں آج صبح اپنی قیامگاہ پر قلب پر حملے کے باعث انتقال کر گئے۔سدانندم کل رات

ڈیوٹی سے واپسی کے دوران سینے میں درد کی شکایت کررہے تھے۔انہیں ایک خانگی ہاسپٹل میں داخل کیا گیا تھا۔آج صبح انہوں نے آخری سانس لی۔وہ شہر کے ہمالی واڈہ کے رہائیشی تھے۔الیکشن ڈیوٹی کے دوران ریاست میں یہ انتقال کا تیسرا معاملہ ہے۔

WEATHER

محکمہ موسمیات نے آج بتایا کہ آئندہ پانچ دنوں کے دوران ریاست کے مختلف مقامات پر تیز ہواوں اور بجلی کی گرج چمک کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ سات دنوں کے دوران ہلکی سے اوسط درجہ کی بارش متوقع ہے۔واضح رہے کہ گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست کے ایک یا دو مقامات پر بارش ہوئی ہے۔ریاست کے مقامات کھمم ۔نظام آباد میں گذشتہ کل زیادہ سے زیادہ درجہ حررات 39 ڈگری سیلیس ریکارڈ کیا گیا۔